DAY — 07 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | II | 18 | 1100 | J-300 | (U)

HOME MANAGEMENT (61)

Time : 3 Hrs. **(8 Pages)** **Max. Marks : 70**

ہدایات :- (۱) تمام سوالات حل کرنا لازمی ہیں۔

(۲) بائیں جانب کے اعداد مکمل نمبرات کو ظاہر کرتے ہیں۔

(۳) ہر سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کیجئے۔

سوال نمبر ۱ :- (الف) مندرجہ ذیل متبادل میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے جملے دوبارہ لکھئے۔ (6) **[18]**

(۱) وقت کے انتظام (Time management) کے عمل میں اہداف طے (set) کرنے کا مرحلہ ہے .....

(الف) دوسرا

(ب) پہلا

(ج) تیسرا

(۲) توانائی کا مطلب ہے کسی شخص کی .....کرنے کی صلاحیت۔

(الف) جسمانی کام

(ب) ذہنی کام

(ج) جسمانی اور ذہنی کام

(۳) 1879 میں روشن بلب (Incandescent bulb) کی ایجاد ان کے ذریعہ کی گئی تھی .....

(الف) تھامس ایڈیسن

(ب) جیمس میکس ویل

(ج) مائیکل فیراڈے

(۴) اس خاندانی آمدنی کو آمدنی کا باقاعدہ اور مقررہ ذریعہ سمجھا جاتا ہے .....

(الف) شیئر (Shares)

(ب) ڈیویڈنڈ (Dividend)

(ج) تنخواہ (Salary)

(۵) یہ یو پی آئی (UPI) کی ایک مثال ہے .....

(الف) بی ایچ آئی ایم (BHIM)

(ب) این ای ایف ٹی (NEFT)

(ج) آر ٹی جی ایس (RTGS)

(۶) حرکت اور وقت کے مطالعہ کا اسکرپٹ (Script) کے طور پر سمجھا جاتا ہے

.....

(الف) گِل بریتھ (Gilbreth)

(ب) تھربلگ (Therblig)

(ج) آپریشن چارٹ (Operation chart)

(ب) گروپ 'الف' کے لفظوں کو گروپ 'ب' سے جوڑیئے۔ (6)

ستون 'الف'	ستون 'ب'
(الف) آرائشی لوازمات	(۱) وقت کا ریکارڈ
(ب) راجستھان	(۲) جیومیٹرک ڈیزائن
(ج) ذہنی کوشش	(۳) دیوار پر لٹکائے جانے والے
(د) بندگھڑی	(۴) منڈانہ (Mandana)
(ہ) دودھ میں نشاستہ (Starch)	(۵) الپنا (Alpana)
(و) پیٹرن (Pattern)	(۶) مطالعہ کرنا
	(۷) ملاوٹ

(ج) ہدایت کے مطابق حل کیجئے۔ (6)

(۱) خاکہ مکمل کریں۔

ابتدائی رنگ



(۲) دیا گیا جملہ صحیح ہے یا غلط لکھئے۔

بجٹ گھریلو اکاؤنٹ کی ایک قسم نہیں ہے۔

(۳) پہلے تعلق کو دھیان میں رکھتے ہوئے دوسرے تعلق کو مکمل کیجئے۔

گھڑی کا وقت : مطالعہ کے اوقات : : فرصت کا وقت : ———

(۴) نامناسب (odd) لفظ تلاش کیجئے۔

(الف) برانڈ لیبل (Brand label)

(ب) گریڈ لیبل (Grade label)

(ج) صارفین کا تحفظ

(د) وضاحتی لیبل

(و) معلوماتی لیبل

(۵) خط کشیدہ لفظ کو صحیح ترتیب میں لکھئے۔

لوازمات ی ل ع ف اور جمالیاتی اہمیت رکھتے ہیں۔

(۶) میں کون ہوں؟

میری ڈیزائن میں ''گائے کا پیر (Go-padam)، سیپ (Shankh)،

چکر (Chakra) وغیرہ روایتی علامات کا استعمال کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر۲ :- (الف) درج ذیل سے کسی چھ کو حل کیجئے۔ (12) **[16]**

(۱) کام میں لے (Rhythm) کی وضاحت کیجئے۔

(۲) گھریلو اور چھوٹے پیمانے کی صنعت کی وضاحت کیجئے۔

(۳) فرصت کے اوقات (Leisure time) اس اصطلاح کی وضاحت کریں۔

(۴) رواں خاکہ مکمل کیجئے۔

رضا کارانہ بچت کی اسکیمیں



(۵) لکڑی اور کانچ کے سامان کی دیکھ بھال آپ کیسے کروگے؟

(۶) دی گئی تصویر کی شناخت کیجئے اور اس کے بارے میں لکھئے۔



(۷) شمسی توانائی کے فوائد لکھئے۔

(ب) مختصر جواب لکھئے۔ (کوئی دو) (4)

(۱) وجہ بتائیے: وقت بدلتا رہتا ہے (Time is fleeting)۔

(۲) تشخیص (Evaluation) کی وضاحت کیجئے۔

(۳) خلاء (Space) کی اہمیت لکھئے۔

سوال نمبر۳ :- (الف) درج ذیل میں سے کوئی <u>چار</u> حل کیجئے۔ (12) **[18]**

(۱) لیبل کے افعال (Functions) لکھئے۔

(۲) ذہنی تھکان اور جسمانی تھکان کے درمیان فرق لکھئے۔

(۳) دی گئی تصویر کی شناخت کیجئے اور اس کے بارے میں لکھئے۔



(۴) اخراجات کو کم کر کے خاندان کی آمدنی بڑھانے کے کیا طریقے ہیں؟

(۵) پانی پر رنگولی کی وضاحت کیجئے۔

(ب) مختصر نوٹ لکھئے۔ (کوئی دو) (6)

(۱) انسانی توانائی کے انتظام کا عمل۔

(۲) حقیقی آمدنی۔

(۳) کریڈٹ کارڈ۔

سوال نمبر۴ :- درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے۔ **[18]**

(الف) (i) صارف (Consumer) کی تعریف لکھئے۔ (1) **(6)**

(ii) دانشمندانہ خریداری کے لئے رہنما اصول (Guidelines) لکھئے۔ (5)

یا

مختلف قسم کی رنگوں کی اسکیمیں بیان کیجئے۔

(ب) (i) اکاؤنٹ رکھنے (Account keeping) کی تعریف لکھئے۔ (1) **(6)**

(ii) اکاؤنٹ رکھنے (Account keeping) حساب و کتاب رکھنے کے طریقوں کی وضاحت کیجئے۔ (5)

یا

وقت کی خصوصیات کی وضاحت کیجئے۔

(ج) گھریلو سرگرمیوں میں مُنڈیل کی تبدیلی کے درجات (Classes of change) کے اطلاق کی وضاحت کیجئے۔ (6)

یا

دی گئی اہم لوازمات کی وضاحت کیجئے اور ان کی دیکھ بھال کیسے کی جائے گی ؟

(i) تصویریں (Pictures)

(ii) گلدان (Flower Vase)

(iii) گھر میں لگائے جانے والے پودے (Indoor plants)

◆◆◆